**17.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. فیصل خان

**Music**

---

☆ زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے بھارت وِستار کا آغاز کیا ہے، جو ملک کے کسانوں کیلئے ایک نیا ڈیجیٹل ساتھی ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ فرانس کے صدر Emmanuel Macron کے ساتھ اُن کی میٹنگ سے دو طرفہ تعلقات اور عالمی ترقی مستحکم ہوگی۔

☆ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت اگلے دو سال میں 200 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کو راغب کرے گا۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے، امدادِ باہمی کے وزیروں کے اعلیٰ سطح کے قومی کانکلیو کا افتتاح کیا۔

☆ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے چیئرمین طارق رحمٰن آج ڈھاکہ میں، بنگلہ دیش کے وزیرِ اعظم کے طور پر حلف لیں گے۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گے۔

☆ اور ICC مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں چنئی میں گروپ ڈی کے تحت، نیو زیلینڈ اور کینیڈا کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Rev. Shivraj Singh - Bharat Vistaar**

زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج جے پور میں پورے ملک کے کسانوں کیلئے ''بھارت-وِستار'' کے نام سے ایک نئی ڈیجیٹل مہم کا آغاز کیا۔ اِس پلیٹ فارم کے ذریعے کسانوں کو اسمارٹ، بااختیار اور معلومات سے مالامال بنایا جائے گا اور کسان اپنے موبائل فون سے ایک کال سے سبھی ضروری معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ اِس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر زراعت نے اِسے زراعت کے شعبے میں ایک ڈیجیٹل انقلاب کی جانب تاریخی قدم بتایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قدم کسانوں کو فصل پر مبنی سائنسی صلاح و مشورے کی خدمات، منڈی کی قیمتیں اور

موسم کے بارے میں جانکاری دے گا۔

انہوں نے مزید کہا کہ یہ قدم، ڈیجیٹل انڈیا ویژن کو بھارت کے دیہاتوں تک پہنچانے میں فیصلہ کن ثابت ہوگا۔

**SB - Shivraj Singh Chauhan**

راجستھان کے وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما نے اِس ڈیجیٹل اقدام کو کسانوں کے انقلاب کا آغاز بتایا اور کسانوں سے زور دے کرکہا کہ وہ اِس کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔×

**PM French Prez**

وزیراعظم نریندر مودی اور فرانس کے صدر Emmanuel میخوں آج ممبئی میں ملاقات کریں گے اور باہمی بات چیت کریں گے۔ فرانس کے صدر Emmanuel میخوں اور خاتون اول Brigitte میخوں، فرانس کے ایک وفد کے ساتھ کل رات نئی دلّی پہنچے، جہاں مہاراشٹر کے گورنر آچاریہ دیورت، وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور دیگر شخصیات نے اُن کا استقبال کیا۔ صدر میخوں بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر ہیں اور یہ ممبئی کا اُن کا پہلا دورہ ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

**VC - Ankita**

*وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر میخوں آج دوپہر ممبئی کے لوک بھون میں باہمی بات چیت کریں گے، جہاں وہ بھارت اور فرانس کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری میں پیشرفت کا جائزہ لیں گے اور علاقائی اور عالمی اہمیت کے موضوعات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ اُن کی بات چیت میں اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط کرنے اور اِس کو نئی بلندیوں تک لے جانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اِس موقعے پر دونوں ملکوں کے درمیان، مفاہمت ناموں کا تبادلہ ہونے کی بھی توقع ہے۔ اِس کے بعد، دونوں لیڈروں کی جانب سے اخباری بیان بھی جاری کیا جائے گا۔ شام کو وزیر اعظم مودی اور صدر میخوں، بھارت-فرانس اختراع فورم کا افتتاح کریں گے اور ہوٹل تاج محل پیلس میں دونوں ملکوں کے تجارتی لیڈروں، اسٹارٹ اپس، تحقیق کاروں اور دیگر اختراع کاروں سے خطاب کریں گے۔*

*ممبئی سے Ankita آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ............*

**Vaishnaw - AI Summit**

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت AI، پانچواں صنعتی انقلاب ہے۔ نئی دلّی میں India AI Impact Summit 2026 کے دوسرے دن وزیرِ موصوف نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ کانفرنس، آبادی کے لحاظ سے بڑے مسائل کو حل کرنے کے ایک پلیٹ فارم کا کام انجام دے رہی ہے اور اِس سلسلے میں نوجوانوں میں کافی جوش و خروش دیکھا جارہا ہے۔x

**Pradahn - AI Impact Summit**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج کہا ہے کہ AI اور تعلیم ایک دوسرے کیلئے لازم و ملزوم ہیں۔ نئی دلّی میں India AI Impact Summit 2026 کے دوسرے دن، بھارت میں AI کو فروغ دینے کے سلسلے میں، جناب پردھان نے کہا کہ فی الحال ملک، علم پر مرکوز سماج بننے کی طرف پیشرفت کررہا ہے۔ جناب پردھان نے کہا کہ AI، بھارت جیسے ایک کثیر جہتی ملک میں ایک اہم Tool ہے، جس کی مدد سے نظام کی پیچیدگی کو سمجھا جاسکتا ہے اور اِسے عوامی بہبود کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**SB - Dharmendra Pradhan**

**India AI Impact Summit Day 2**

India AI Impact Summit 2026 آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں دوسرے روز جاری ہے۔ اعلیٰ سطح کے پینل تبادلۂ خیالات کا سلسلہ جاری ہے، جس میں سب کی شمولیت اور تبدیلی والی ترقی کیلئے مصنوعی ذہنات کے استعمال پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ سماجی بہتری کیلئے AI : متاثر کام، بھارت کے خود مختار AI اور ڈیٹا کا اثر اور اختراع سے اثر تک : عوامی صحت دیکھ بھال میں AI ایک گیم چینجر۔ یہ موضوعات آج کے سیشنز میں شامل ہیں۔ یہ پانچ روزہ چوٹی کانفرنس کل شروع ہوئی ہے اور اِس میں ملک کے دفاع کیلئے AI، سائبر سکیورٹی اور AI کے دور میں اسٹرٹیجی، عوام کیلئے AI : ایک ایسا مستقبل جو سب کیلئے ہے، جیسے اہم موضوعات پر پینل تبادلۂ خیالات ہورہے ہیں۔

آج India AI Impact Summit کے دوسرے دن مختلف موضوعات پر پینل مباحثوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اِس موقعے پر اہم Knowledge Compendium کا آغاز کیا جائے گا، جس میں صحت، توانائی، تعلیم، زراعت اور معذوری کے تعلق سے AI پر Casebooks بھی شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ Applied AI پر مرکوز ایک سیمنار بھی ہوگا۔×

**PM - AI Summit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت AI امپیکٹ ایکسپو 2026، خیالات، اختراع اور ارادے کا طاقتور امتزاج ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ ایکسپو، عالمی اشیا کیلئے مصنوعی ذہانت کے مستقبل کو شکل دینے میں بھارت کی غیر معمولی مہارت کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کا ایک موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایکسپو AI کو ذمہ دارانہ طور پر سب کو شامل کرتے ہوئے انسانی ترقی کو اوپر اُٹھانے کیلئے حکومت کے عزم کی توثیق کرتی ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کل نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں بھارت AI امپیکٹ ایکسپو 2026 کا افتتاح کیا تھا۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ AI میں ملک کی پیش رفت نہ صرف ملک کیلئے تبدیلی کے مواقع کو شکل دے گی، بلکہ عالمی ترقی میں بھی اپنا تعاون دے گی۔

نیتی آیوگ کے سابق CEO اَمیتابھ کانت نے آج کہا کہ AI کی طاقت کو عالمِ جنوب کے لوگوں کی زندگی بدلنے کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ نئی دلّی میں بھارت AI امپیکٹ چوٹی کانفرنس 2026 کے دوسرے دن خطاب کرتے ہوئے جناب کانت نے کہا کہ اِس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ AI اُن لوگوں تک پہنچے، جو سطحِ غریبی کے نیچے زندگی گزار رہے ہیں اور اِس کا استعمال تعلیم اور غذا کے معیار کو بلند کرنے کیلئے کیا جائے۔ وزارت صحت کی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے بھارت

کیلئے صحت کے شعبے میں AI کیلئے اسٹریٹجی (SAHI) لانچ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ ضابطوں کا ایک قومی لائحۂ عمل ہے، جو ریاستوں اور پرائیویٹ پروگراموں میں AI کے ذمہ دارانہ استعمال میں تعاون پیش کرتا ہے۔×

**India AI Summit SL Prez**

بھارت میں سری لنکا کی ہائی کمشنر Mahishini Colonne نے کہا ہے کہ India AI Impact Summit میں سری لنکا کی شرکت سے بھارت - سری لنکا شراکت داری کی گہرائی اور ترجیح کا اندازہ ہوتا ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، محترمہ Colonne نے کہا کہ سری لنکا کے صدر انورا کمار دِسا نائیکے، اس کانفرنس میں شرکت کیلئے نئی دلّی آئے ہیں، جو عالمی جنوب خطے میں منعقدہ اپنی نوعیت کی پہلی سربراہ کانفرنس ہے، جبکہ بھارت میں ارجنٹینا کے سفیر Mariano Caucino نے اِس سربراہ کانفرنس کو ایک بڑی کامیابی قرار دیا ہے اور ایک ایسے موضوع پر ایک اہم عالمی کانفرنس کی میزبانی پر بھارت کو مبارکباد دی ہے، جس پر پوری دنیا میں تذکرے ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارجنٹینا کو اِس سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے پر خوشی ہے۔x

**Guj Amit Shah Maratha Conclave**

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی کے محکمے کے وزیر امت شاہ آج گاندھی نگر میں مہاتما مندر میں ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے امدادِ باہمی وزیروں کے اعلیٰ سطح کے قومی Conclave کا افتتاح کیا۔ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے امدادِ باہمی کے وزراء اور دیگر سینئر افسران، اِس میٹنگ میں حصہ لے رہے ہیں۔ اِس میٹنگ میں امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ 2 لاکھ نئے کثیرالمقاصد PACs کے قیام میں ہونے والی پیشرفت اور اناج کو ذخیرہ کرنے کے دنیا کے سب سے بڑے منصوبے کے تحت اناج کے بہتر اسٹوریج کیلئے جدید گوداموں کی ملک گیر توسیع کا جائزہ لیں گے۔
بات چیت میں برآمدات اور بیجوں کیلئے، نوتشکیل شدہ قومی اداروں سے ریاستوں کو مربوط کرنے اور ساتھ ہی PACs کو مقررہ وقت پر کمپیوٹرائز کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

**BNP - Leader**

بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی BNP نے آج طارق رحمٰن کو اپنا لیڈر منتخب کرلیا ہے اور اِس طرح ایوان میں اُن کے رہنما بننے اور ملک کے وزیرِ اعظم کا عہدہ سنبھالنے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ مقامی خبروں کے مطابق BNP نے اپنی سالانہ میٹنگ منعقد کی، جس کی صدارت طارق رحمٰن نے کی۔ اِس سے پہلے دن میں BNP کے 208 ارکانِ پارلیمنٹ نے 'جاتیہ سنگسد Bhaban' میں عہدے کا حلف لیا۔
میٹنگ کے دوران پارلیمانی پارٹی نے BNP کے چیئرمین جناب طارق کو اپنا لیڈر اور وزیرِ اعظم کیلئے واحد امیدوار کے طور پر منتخب کیا۔
اِس دوران اعلیٰ چناؤ کمشنر نے نو منتخبہ ارکانِ پارلیمنٹ کو عہدے کا حلف دلایا۔ حال ہی میں کرائے گئے انتخابات میں BNP نے 209 پارلیمانی حلقوں میں کامیابی حاصل کی تھی، جبکہ بنیاد پسند پارٹی، جماعت اسلامی کو 68 سیٹیں حاصل ہوئی

تھیں۔x

## Cricket - T20 World Cup

مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ-D کے ایک میچ میں کناڈا نے نیو زیلینڈ کے خلاف 174 رن کا ہدف رکھا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک نیو زیلینڈ نے 14 اوورز 2 وکٹ کے نقصان پر 159 رن بنا لیے تھے۔

اِس سے قبل، کناڈا نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ کناڈا 20 اوورز میں 4 وکٹ کے نقصان پر 173 رن بنائے۔

گروپ-B کے ایک دیگر میچ میں Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں زمبابوے کا مقابلہ آئیرلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر تین بجے شروع ہوگا۔ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں گروپ-C کا ایک دیگر میچ اسکاٹ لینڈ اور نیپال کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔x

## VP HM Karpoori Thakur

نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج نئی دلّی میں، بھارت رتن کرپُری ٹھاکر کو، اُن کی برسی پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ وزیرِ داخلہ امت شاہ نے بھی کرپُری ٹھاکر کو سلام پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے کہا کہ سماجی انصاف کے مشعل بردار کرپُری ٹھاکر نے آزادی، برابری اور جمہوری اقدار کے تئیں خود کو ہمیشہ ہی وقف کئے رکھا۔ x

## India-France Defence Dialogue

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ اور فرانس کی، اُن کی ہم منصب Catherine Vautrin آج بینگلورو میں چھٹے بھارت-فرانس سالانہ دفاعی مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ اس میٹنگ میں دو طرفہ دفاعی تعاون کے تمام تر پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا، جس میں صنعتی اشتراک کو بڑھانے پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔x

## WB EC

انتخابی کمیشن کے، چناؤ فہرست کے نومقررہ خصوصی مشاہد، ریٹائرڈ IPS افسر این کے مِشرا آج شام مغربی بنگال کا دورہ کریں گے۔ وہ آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں اور ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِثانی SIR کا جائزہ لیں گے۔ وہ سب سے پہلے اعلیٰ انتخابی افسر منوج کمار اگروال کے ساتھ ایک ہنگامی میٹنگ کریں گے۔ کمیشن کے ذرائع کے مطابق اِس میٹنگ کا مقصد ووٹر فہرست پر تفصیلی نظرِثانی کی جانچ کرنا اور انتظامی تیاریوں نیز اِس عمل سے متعلق پیشرفت کا جائزہ لینا ہے۔x

## Odisha Assembly Budget Session

اڈیشہ کی قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج، ایوان سے گورنر ہری بابو کھمبھم پتی کے خطاب کے ساتھ شروع ہوا۔ وزیرِ اعلیٰ موہن چرن ماجھی جمعہ کو مالی سال **2026-27** کا سالانہ بجٹ پیش کریں گے، جو ریاست کے وزیرِ خزانہ بھی ہیں۔ امکان ہے کہ یہ اجلاس ہنگامہ خیز رہے گا کیونکہ بیجو جنتا دَل اور کانگریس سمیت اپوزیشن پارٹیاں ریاست میں دھان کی سرکاری خرید اور منڈیوں میں کسانوں کو درپیش پریشانیوں نیز ریاست میں نظم و ضبط کی ناکامی جیسے معاملات پر برسرِاقتدار **BJP** کو گھیرنے کی تیاری کررہی ہیں۔ بجٹ اجلاس **8** اپریل تک جاری رہے گا اور کام کاج کے **28** دن پر مشتمل یہ اجلاس دو مرحلوں میں منعقد کیا جائے گا۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆